گریڈ 3-8 کے امتحانات میں کی گئ تبدیلیاں ء سے 2016 سن جن سے والدین کو آگاہ ہونا چاہیے

ہر سال موسم بہار میں نیویارک بھر میں گریڈ 3-8 کے طلبہ کیلئے ELA اور ریاضی کے ٹسٹ منقعد کیئے جاتے ہیں۔ زیل میں آپکو محکمہ تعلیم نیویارک کی جانب سے سن 2016ء کیلئے ان ٹسٹوں میں کی گئ تبدیلوں سے متعلق معلومات فراہم کی گئ ہیں۔

امتحانی سوالات کی تعداد میں کمی

سن۶2016 سے گریڈ 3-8ای ایل اے (ELA) ٹسٹ کیئلے طلبہ کو پہلے کی نسبت ایک پیراگراف کم پڑھنے کے لیئے دیا جائے گا اور انہیں جوابات بھی کم سوالات کے دینا ہوں گے۔

اسی طرح سن ۶2016 کے امتحانات برائے ریاضی میں بھی گریڈ 3-8 تک کے طلبہ کو کم سوالات حل کرنا ہونگے۔

ٹسٹ کیئلے وقت کی کوئی قید نہیں

سن ۶2016 گریڈ ELA 3-8 اور ریاضی کے ٹسٹوں میں وقت کی کوئی قید نہ ہو گی۔ یہ تبدیلی طلبہ کو اور زیادہ موقع فراہم کرتی ہے کہ وہ جتنا بھی علم جانتے ہیں اس کا اظہار اپنی رفتار سے کام کرکے کریں۔ بالفاظ دیگر اس کا مطلب یہ ہوا کہ جبتک طلبہ پیداواری کام کرتے رہیں گے انہن اپنے ٹسٹ کومکمل کرنے کے لیئے درکار وقت دستیاب ہوگا

زیادہ اساتزہ کی شمولیت

اسٹیٹ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے ریاست نیویارک کے اساتزہ کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ کیا ہے جو ان ٹسٹوں کی تشکیل، اور انکے جائزے میں شریک ہوں گے اور ان اساتزہ کیئلے مواقع بھی برھا دیئے جائیں گے۔ جو مستقبل کے ٹسٹوں کی تیاری میں شمولیت اختیار کریں گے ۔

- موسم خزاں سال2015۶ اور مابعد، تمام امتحانی سوالوں کے جائزے اور سالانہ ٹسٹوں کی تیاری کیلئے ایک بڑی تعداد میں ریاست نیویارک کے اساتزہ شریک ہوئے اور آئندہ بھی یوتے رہیں گے۔
- اکتوبر 2015 میں ریاست بھر سے اساتزہ سن ۶ 2016کے ٹسٹوں کے انتحاب اور جائزے کے لیئے Albany میں جمع ہوئے
- حقیقیت میں نیویارک اسٹیٹ میں پہلی مرتبہ اساتزہ گریڑ 3-8 تک کے امتحانات برائے ELA اور ریاضی کیئلے سوالات لکھیں گے اور پھر یہ سوالات موسم بہار سن 2018ء سے امتحانات کیلئےاستعمال کیئے جائیں گے.

نیا ٹسٹ معاون و مددگار

گزشتہ سال موسم گرما میں - Questar Assesmenst Inc کواسٹیٹ کے گریڈ ELA 3-8 اور ریاضی کے امتحانی جائزے کے کنٹریکٹ سے نوازا گیا۔ Questar Assesmenst Incگریڈ ELA 3-8 اور ریاضی ٹسٹوں میں کی گئ مزکورہ بالا و دیگر تبدلیوں میں محکمے کا معاون ہے۔

امتحانی پروگرام، پالیسیوں اور طریقہ کار سے متعلق سوالات اس پتے پر بھیجے جا سکتے ہیں۔ emscassessinfo@nysed.gov

URDU

NYS ED .gov engage ny
Our Students. Their Moment.